# General Rules for Asaan Account / Asaan Current Remittance Account

**Following are the terms and conditions governing the Asaan Account, which the depositor has opened with The Bank of Punjab.**

1. The Account shall be opened on the submission of filled-in Account opening Form and submitting required documents/information; Bank may require documents as deemed necessary in future.
2. A distinctive number shall be allotted to every account that should be quoted in all correspondence/transactions relating to the account. The Bank reserves the right to change this Number or any part of it in order to meet its book keeping administration requirement.
3. The Accounts may be opened singly in one name or jointly in two or more names up to maximum of four.
4. Account holder(s) would be fully responsible in case his/her/their signatures are different from the one(s) on their C/SNIC.
5. Deposit may be accepted from minors provided the account is opened and operated through a guardian till the minor attains the age of maturity.
6. All monies/instruments to be deposited in the account should be accompanied by pay-in-slip showing the correct title, account number and other necessary particulars of deposit. The Bank shall not be responsible in case of any loss where these requirements are not complied with and in case of delay or loss occasioned in collection of cheques, however, the Bank will follow up for swift resolution.
7. The Asaan Account will be restricted for cross to border (outward) transactions. Total Debit balance limit for Asaan Account is Rs. 1,000,000/- monthly, and total Credit balance limit will be Rs. 1,000,000/-
8. Withdrawal from the account will be made through ATM/Debit Card or Cheque.
9. Withdrawals will not be allowed against postdated and stale (06 months after issuance date) Cheques.
10. In case of payment from a joint account is at any time stopped by any one or more of the account holders, the amount will only be payable on revocation of stop payment instruction(1) by all the account holders.
11. Bank will take utmost care in posting the transaction in the account. In case of any posting error, Bank will be within its right to make the correction/adjustments and recover any amount wrongly paid or credited and inform the customer subsequently.
12. The Charges for banking products and services will be levied as prescribed by the Bank in Schedule of Bank's Charges.
13. Account may be transferred from one Bank Branch to the other on customer's request/Branch is closed/merged.
14. In case of death/bankruptcy, operation in the account will be stopped after receipt of notice or knowing from reliable source.
15. In the event of death of any one or more of the Joint account holders, the credit balance will become payable to the survivor(s) or the legal heirs of the deceased.
16. If account is not conducted to the satisfaction of the Bank, it may be closed without any notice; the balance will be remitted to the erstwhile customer and sent at his/her address as per bank record along with the reason of closure.
17. Customer wishing to close an account must present the Card and unused cheques to Bank & withdraw the balance, if any.
18. Account that is not operated by customer for a period of one year will be classified as "Dormant". Credit entries will be allowed without changing the dormancy status, however withdrawals will not be allowed until the customer gets it activated and Bank is satisfied with the CDD. Accounts that remain inoperative for continuous 10 years will be classified as Unclaimed and dealt with as per section 31 of BCO 1962.
19. No minimum balance, no maintenance fee, if balance remains 'nil' for a continuous 1 year period, the account will be closed.
20. The Customer hereby expressly authorizes the Bank to disclose the information if such required by any investigating agency, any government agency or such person as the Bank feels that such disclosure is necessary.
21. The Bank will have the right to make investment of the deposits in the PLS Account at its sole discretion in Banking Business under PLS System. The profit on PLS saving accounts will be paid on half yearly basis in the month of Jan & July on average monthly balance method, for the preceding 6 months, at the profit rates declared by the Bank.
22. Withholding tax, or any other levy, shall be deducted/recovered as per laws in force time to time. All deposits and payments are governed by and subject to the laws in effect from time to time in Pakistan. The Bank reserves the right to amend /alter or add any or all of these Rules through a 30 days' notice via advertisement in a print media or by other means of communication, prior to such changes take effect.
23. Asaan Current Remittance Account can be fed through home remittance from abroad and locally as well. Local credit to the extent of PKR 1,000,000/- per month ("Pakistani Rupees One Million") is allowed which will be subject to maximum credit balance limit of PKR 3,000,000/-. Further, commercial remittance shall not be allowed to deposit in account.
24. Asaan Current Remittance Account shall be subject to following transactional limits:

   Maximum Credit Balance Limit: PKR 3,000,000/-
   Cash Withdrawal Limit: PKR 500,000/- per day.
   Fund Transfer Limit: PKR 500,000/- per day to any other account
   Local Credit Allowed: PKR 1000,000/- per month
   No Commercial Remittance Allowed

# عمومی شرائط وضوابط برائے آسان اکاؤنٹ / آسان کرنٹ ترسیلی اکاؤنٹ

**کھاتہ دار کے دی بینک آف پنجاب کے ساتھ کھولے گئے آسان اکاؤنٹ کو چلانے کی شرائط و ضوابط درج ذیل ہیں:۔**

(1)۔کھاتہ بینک کے پرشدہ درخواست فارم اور مطلوبہ دستاویزات/معلومات فراہم کرنے پر کھولا جائے گا؛ اس ضمن میں بینک ضروری دستاویزات مستقبل میں بھی طلب کرسکتا ہے۔

(2)۔کھاتہ کیلئے ایک مخصوص نمبر جاری کیا جائے گا جو کھاتے سے متعلق تمام خط وکتابت/لین دین کیلئے استعمال ہوگا۔ بینک کو اختیار ہے کہ وہ اپنے انتظام وانصرام کے لئے یہ نمبر یا اس کا کوئی حصہ تبدیل کر دے۔

(3)۔واحد کھاتہ ایک نام سے اور مشترکہ کھاتہ دو یا زائد ناموں سے (زیادہ سے زیادہ چار تک) کھولا جاسکتا ہے۔

(4)۔کھاتہ دار (داران) بصورت ان کے دستخط شناختی کارڈ پر موجود دستخطوں سے مختلف ہوں مکمل طور پر اس اختلاف کے ذمہ دار ہوں گے۔

(5)۔نابالغ کی جانب سے رقوم جمع کروائی جاسکتی ہیں بشرطیکہ اس کا کھاتہ سرپرست کے ذریعے کھولا اور چلایا جائے تاوقتیکہ نابالغ بالغ عمری کو پہنچ جائے۔

(6)۔جملہ رقوم/دستاویزات ادائیگی کھاتہ میں بذریعہ رسید جمع کرائی جاسکیں گی جس پر کھاتہ کا درست نام، کھاتہ نمبر اور دیگر ضروری تفصیلات درج ہوں۔ مذکورہ شرائط کو پورا نہ کرنے کی صورت میں ہونیوالے نقصان پر بینک ذمہ دار نہ ہوگا۔ تاہم چیک کی وصولی میں تاخیر یا نقصان کی صورت میں بینک فوری حل کے لیے سعی کرے گا۔

(7) آسان اکاؤنٹ میں سرحد پار (بیرونی) ترسیلات پر پابندی ہوگی۔ آسان اکاؤنٹ میں کُل رقم نکلوانے کی حد 1,000,000 روپے ماہانہ اور اکاؤنٹ میں موجودہ رقم کی حد 1,000,000 روپے تک ہوگی۔

(8)۔کھاتہ میں سے رقوم کا نکلوانا بذریعہ ATM/Debit کارڈ یا چیک ہوگا۔

(9)۔چیک پر درج تاریخ سے پہلے یا اس کے چھ ماہ کے بعد کھاتہ سے رقم نکلوائی نہیں جاسکے گی۔

(10)۔مشترکہ کھاتہ سے کسی وقت کسی ایک یا زیادہ کھاتہ داروں کی طرف سے رکوائی گئی ادائیگی کی رقم اسی صورت میں واجب الادا ہوگی جب تمام کھاتہ داران کی طرف سے ادائیگی رکوانے کی ہدایات کی تحریری تنسیخ مل جائے۔

(11)۔بینک کھاتہ میں لین دین کے اندراج میں انتہائی احتیاط برتے گا۔ اندراج کی کسی غلطی کی صورت میں بینک یہ حق محفوظ رکھتا ہے کہ کھاتہ میں تصحیح/درستگی کر لے اور کسی بھی غلط ادا شدہ یا جمع شدہ رقم کو وصول کر لے اور بعدازاں کھاتہ دار کو مطلع کر دے۔

(12)۔بینک کی اشیاء اور خدمات کے نرخ بینک کے مروجہ چارجز کے شیڈول کے مطابق لاگو ہوں گے۔

(13)۔کھاتہ دار کی درخواست یا برانچ کے بند/ضم ہونے پر کھاتہ ایک بینک برانچ سے دوسری برانچ میں منتقل ہوسکتا ہے۔

(14)۔کھاتہ دار کی وفات/دیوالیہ پن کی صورت میں نوٹس کی وصولی یا قابل اعتماد ذریعہ سے علم ہونے پر کھاتہ میں کارروائی روک دی جائے گی

(15)۔مشترکہ کھاتہ داران میں کسی ایک یا اس سے زیادہ کی وفات کی صورت میں جمع شدہ رقم باقی ماندگان یا متوفی کے قانونی وارثین کو واجب الادا ہوگی۔

(16)۔کوئی بھی کھاتہ جو کہ بینک کے نزدیک غیر تسلی بخش قرار پائے بغیر کسی نوٹس کے بند کر دیا جائے گا۔ کھاتے میں موجود رقم سابقہ کھاتہ دار کو اس کے پتہ پر کھاتہ بند کئے جانے کی وجہ کے ساتھ روانہ کر دی جائے گی۔

(17)۔کھاتہ بند کرنے کے متمنی کھاتہ دار کو ATM/ڈیبٹ کارڈ اور غیر استعمال شدہ چیک بُک کو واپس کر کے اپنے کھاتہ سے ساری رقم نکلوانی ہوگی۔

(18)۔ایسا کھاتہ جس میں کھاتہ دار نے پچھلے ایک سال کے عرصے تک کوئی لین دین نہ کیا ہو ساکت (Dormant) قرار دے دیا جائے گا۔ کھاتہ کی ساکت حالت کو تبدیل کئے بغیر رقوم تو جمع کر لی جائیں گی۔ تاہم رقوم نکلوانے پر پابندی ہوگی جب تک کھاتہ دار کھاتہ کو فعال نہ کروا لے اور بینک کھاتہ دار کی احتیاطی جانچ سے مطمئن نہ ہو۔ 10 سال تک مسلسل غیر فعال رہنے والے کھاتے غیر دعویٰ شدہ قرار دے دیئے جائیں گے اور ان کے ساتھ بینکنگ کمپنیز آرڈیننس 1962 (BCO) کی دفع 31 کے مطابق سلوک ہوگا۔

(19)۔کم از کم رقم رکھنے کی کوئی حد نہیں، کوئی انتظامی فیس لاگو نہیں ہے۔ کھاتہ میں مسلسل ایک سال کے عرصہ تک کوئی رقم موجود نہ رہنے پر کھاتہ بند کر دتا جائے گا۔

(20)۔کھاتہ دار بینک کو واضح طور پر کھاتے کی معلومات کسی تحقیقاتی ادارے، حکومتی ایجنسی یا ایسے فرد کو جسے بینک ضروری سمجھتا ہو، فراہم کرنے کا اختیار دیتا ہے۔

(21)۔بینک نفع ونقصان میں شراکت (PLS) کھاتوں میں جمع شدہ رقوم کی اپنی صوابدید پر پی ایل ایس (PLS) نظام کے تحت بینکنگ کاروبار میں سرمایہ کاری کا حق رکھتا ہے۔ پی ایک ایس (PLS) بچت کھاتوں پر منافع ششماہی بنیاد پر جنوری اور جولائی کے مہینوں میں پچھلے چھ ماہ کے دوران اوسط ماہانہ بیلنس کے طریقہ کار پر بینک کے اعلان کردہ منافع کے نرخوں کے مطابق ادا کیا جائے گا۔

(22)۔ودہولڈنگ ٹیکس (withholding Tax) یا کوئی اور ٹیکس، وقتاً فوقتاً رائج شدہ قوانین کے مطابق منہا/وصول کیا جائے گا۔ تمام جمع شدہ رقوم اور ادائیگیوں کا انتظام پاکستان میں وقتاً فوقتاً رائج شدہ قوانین کے مطابق اور انکے تحت ہوتا ہے بینک ان ضوابط میں سے ایک یا تمام میں ترمیم/تبدیلی یا اضافہ کا حق رکھتا ہے جب کہ ان تبدیلیوں کے موثر ہونے سے پہلے 30 دن کے نوٹس کی اطلاع بذریعہ اخبار میں اشتہار یا ابلاغ کے کسی دوسرے ذریعے سے کر دے۔

(23)۔آسان کرنٹ ریمیٹنس اکاؤنٹ میں بیرون ملک سے موصول شدہ ترسیلات اور مقامی طور پر رقوم جمع ہوسکتی ہیں۔ مقامی کریڈٹ کی حد 1,000,000 روپے ہے جو کہ مجموعی کریڈٹ بیلنس کی حد 3,000,000 روپے کہ اندر رہو گی۔ اس کے علاوہ کمرشل ریمیٹنس اکاؤنٹ میں جمع کروانے کی اجازت نہیں ہو گی۔

(24)۔آسان کرنٹ ریمیٹنس اکاؤنٹ میں لین دین کی حد درج ذیل ہیں۔

زیادہ سے زیادہ کریڈٹ بیلنس کی حد 3,000,000 روپے
رقم نکلوانے کی حد 500,000 روپے فی دن
رقم کی منتقلی کی حد 500,000 روپے فی دن
مقامی کریڈٹ کی حد 1،000،000 روپے ماہانہ
کمرشل ریمیٹنس اکاؤنٹ میں جمع کروانے کی اجازت نہیں ہو گی

## UNDERTAKING بیان حلفی

**Undertakings; I/We hereby undertake that :**

1. Source of income declared above is legitimate
2. I am/we are not a US Person as neither born in US nor have US citizenship, Green Card or have US address/telephone number or 'in-care of' or hold mail address etc.
3. I/We do not have tax residency in any country except Pakistan.

میں/ہم حلفیہ بیان دیتا/دیتی ہوں/دیتے ہیں کہ

-1 درج بالا بیان کردہ میرا ذریعہ آمدن جائز اور بے داغ ہے
-2 میں/ہم امریکی نہیں ہیں اور نہ ہی امریکہ میں پیدا ہوا/ہوئی/ہوں ہوئے ہیں اور نہ ہی میرے پاس امریکی شہریت، گرین کارڈ ہے نہ میرا کوئی امریکہ کا ایڈریس/ٹیلی فون نمبر/معرفت یا بندش ڈاک پتہ ہے۔
-3 میں/ہم اقرار کرتے ہیں کہ میری/ہماری پاکستان کے علاوہ کوئی ٹیکس سکونت نہیں ہے

A/C# [ ] اکاؤنٹ نمبر

Signatures/دستخط 1) ______ 2) ______ 3) ______ 4) ______

Names(s)/نام 1) ______ 2) ______ 3) ______ 4) ______

THE BANK OF PUNJAB

BOP Phone Banking: 111-267-200 www.bop.com.pk